# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## صحت

# 84% پاکستانیوں کی ایک بڑی شرح صحت مند کھانا کھانے کا دعویٰ کرتی ہے (یہ شرح عالمی سطح سے 17% زیادہ ہے)، اس حوالے سے رائے رکھنے کا دعویٰ کرنے والوں کی شرح خواتین (77%) کی نسبت مرد حضرات (85%) میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،**

(اسلام آباد) ،22 اپریل، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، 84% پاکستانیوں کی ایک بڑی شرح صحت مند کھانا کھانے کا دعویٰ کرتی ہے (یہ شرح عالمی سطح سے 17% زیادہ ہے)، اس حوالے سے رائے رکھنے کا دعویٰ کرنے والوں کی شرح خواتین (77%) کی نسبت مرد حضرات (85%) میں زیادہ پائی گئی۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ ہر براعظم میں مارکیٹ ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹر نیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33,236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات اور اس سے متعلق عادات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 15 اکتوبر سے 18 دسمبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹر نیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ صحت مند کھانا کھاتے ہیں ؟ "**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 57% جوابدہندگان کے مطابق وہ تقریباً ہمیشہ صحت مند کھانا کھاتے ہیں ، 27% جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر صحت مند کھانا کھاتے ہیں ، 8% جوابدہندگان کے مطابق وہ بعض اوقات صحت مند کھانا کھاتے ہیں، 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ بہت کم / کبھی کبھار صحت مند کھانا کھاتے ہیں، جبکہ 1% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی صحت مند کھانا نہیں کھاتے ہیں۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ صحت مند کھانا کھاتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*